سورہ نمبر
(۱۳)

# سُورَةُ الرَّعْدِ

مع کنزالایمان وخزائن العرفان

الاسلامی.نیٹ

www.AL ISLAMI.NET

سُوْرَةُ الرَّعْدِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | وَّاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

سورہ رعد مدنی ہے (اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ف۱) اس میں ۴۳ آیتیں اور ۶ رکوع ہیں

الٓمّٓرٰ تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِؕ وَ الَّذِیْۤ اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ

یہ کتاب کی آیتیں ہیں ف۲ اور وہ جو تمہاری طرف تمہارے رب کے پاس سے اترا ف۳ حق ہے

وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یُؤْمِنُوْنَ (۱) اَللّٰهُ الَّذِیْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ

ف۴ مگر اکثر آدمی ایمان نہیں لاتے ف۵ اللہ ہے جس نے آسمانوں کو بلند کیا

بِغَیْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وَ سَخَّرَ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَؕ

بے ان ستونوں کے کہ تم دیکھو ف۶ پھر عرش پر استوا فرمایا جیسا اس کی شان کے لائق ہے اور سورج اور چاند کو

كُلٌّ یَّجْرِیْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّىؕ یُدَبِّرُ الْاَمْرَ یُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لَعَلَّكُمْ

مسخر کیا ف۷ ہر ایک ایک ٹھہرائے ہوئے وعدہ تک چلتا ہے ف۸ اللہ کام کی تدبیر فرماتا اور مفصل نشانیاں بتاتا

بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ (۲) وَ هُوَ الَّذِیْ مَدَّ الْاَرْضَ وَ جَعَلَ

ہے ف۹ کہیں تم اپنے رب کا ملنا یقین کرو ف۱۰ اور وہی ہے جس نے زمین کو پھیلایا اور اس میں لنگر

فِیْهَا رَوَاسِیَ وَ اَنْهٰرًاؕ وَ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِیْهَا زَوْجَیْنِ

ف۱۱ اور نہریں بنائیں اور زمین میں ہر قسم کے پھل دو دو طرح کے بنائے ف۱۲

اثْنَیْنِ یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ

رات سے دن کو چھپا لیتا ہے بے شک اس میں نشانیاں ہیں دھیان کرنے والوں کو

یَّتَفَكَّرُوْنَ (۳) وَ فِی الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّ جَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ

ف۱۳ اور زمین کے مختلف قطعے ہیں اور ہیں پاس پاس ف۱۴ اور باغ ہیں انگوروں کے

وَّ زَرْعٌ وَّ نَخِیْلٌ صِنْوَانٌ وَّ غَیْرُ صِنْوَانٍ یُّسْقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ۫ وَ

اور کھیتی اور کھجور کے پیڑ ایک تھالے سے اُگے اور الگ الگ سب کو ایک ہی پانی دیا جاتا ہے

نُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ فِی الْاُكُلِؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ

اور پھلوں میں ہم ایک کو دوسرے سے بہتر کرتے ہیں بے شک اس میں نشانیاں ہیں

یَّعْقِلُوْنَ (۴) وَ اِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِیْ خَلْقٍ

عقلمندوں کیلئے ف۱۵ اور اگر تم تعجب کرو ف۱۶ تو اچنبھا تو ان کے اس کہنے کا ہے کہ کیا ہم مٹی ہو کر پھر

ف۱ سورۂ رعد مکیہ ہے اور ایک روایت حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ ہے کہ دو آیتوں لَا یَزَالُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا تُصِیْبُهُمْ اور یَقُوْلُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا کے سوا باقی سب مکی ہیں اور دوسرا قول یہ ہے کہ یہ سورۃ مدنی ہے اس میں چھ رکوع تینتالیس ۴۳ یا پینتالیس ۴۵ آیتیں اور آٹھ سو پچپن ۸۵۵ کلمے اور تین ہزار پانچسو چھ حرف ہیں ف۲ یعنی قرآن شریف کی ف۳ یعنی قرآن شریف ف۴ کہ اس میں کچھ شبہ نہیں ف۵ یعنی مشرکین مکہ جو یہ کہتے ہیں کہ یہ کلام محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہے انہوں نے خود بنایا اس آیت میں اس کا رد فرمایا اور اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے اپنی ربوبیت کے دلائل اور اپنے عجائب قدرت بیان فرمائے جو اس کی وحدانیت پر دلالت کرتے ہیں ف۶ اس کے دو معنی ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ آسمانوں کو بغیر ستونوں کے بلند کیا جیسا کہ تم انکو دیکھتے ہو یعنی حقیقت میں کوئی ستون ہی نہیں ہے اور یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ تمہارے دیکھنے میں آنیوالے ستونوں کے بغیر بلند کیا اس تقدیر پر معنی یہ ہونگے کہ ستون تو ہیں مگر تمہارے دیکھنے میں نہیں آتے اور قول اول صحیح تر ہے اسی پر جمہور ہیں (خازن وجمل) ف۷ اپنے بندوں کے منافع اور اپنے بلاد کے مصالح کے لیے وہ حسب حکم گردش میں ہیں ف۸ یعنی فنائے دنیا کے وقت تک حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ اجل مسمّٰی سے انکے درجات و منازل مراد ہیں یعنی وہ اپنے منازل و درجات میں ایک نہایت تک گردش کرتے ہیں جس سے تجاوز نہیں کر سکتے شمس و قمر میں سے ہر ایک کیلئے سیر خاص جہت خاص کی طرف سرعت و بطوء و حرکت کی مقدار خاص سے مقرر فرمائی ہے ف۹ اپنے وحدانیت و کمال قدرت کی ف۱۰ اور جان لو کہ جو انسان کو نیستی کے بعد ہست کرنے پر قادر ہے وہ اسکو موت کے بعد بھی زندہ کرنے پر قادر ہے ف۱۱ یعنی مضبوط پہاڑ ف۱۲ سیاہ و سفید ترش و شیریں صغیر و کبیر بری و بستانی گرم و سرد تر و خشک وغیرہ ف۱۳ جو کہیں کہ یہ تمام آثار صانع حکیم کے وجود پر دلالت کرتے ہیں ف۱۴ ایک دوسرے سے ملے ہوئے ان سے کوئی قابل زراعت ہے کوئی ناقابل زراعت کوئی پتھریلا کوئی ریتیلا ف۱۵ حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اس میں بنی آدم کے قلوب کی ایک تمثیل ہے کہ جسطرح زمین ایک تھی اس کے مختلف قطعے ہوئے انپر آسمان سے ایک ہی پانی برسا اس سے مختلف قسم کے پھل پھول بیل بوٹے اچھے برے پیدا ہوئے اسی طرح آدمی حضرت آدم سے پیدا کیے گئے انپر آسمان سے ہدایت اتری اس سے بعض دل نرم ہوئے ان میں خشوع خضوع پیدا ہوا بعض سخت ہو گئے وہ لہو و لغو میں مبتلا ہو گئے تو جسطرح زمین کے قطعات اپنے پھول پھل میں مختلف ہیں اسی طرح انسانی قلوب اپنے آثار و انوار و اسرار میں مختلف ہیں ف۱۶ اے محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کفار کی تکذیب کرنے سے باوجودیکہ آپ ان میں صادق و امین معروف تھے

منزل ۳

شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿١٦﴾ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ أَوْدِيَةٌ

ہر چیز کا بنانے والا ہے ف۱ اور وہ اکیلا سب پر غالب ہے ف۲ اس نے آسمان سے پانی اتارا تو نالے اپنے اپنے لائق بہہ نکلے

بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا ؕ وَمِمَّا يُوقِدُونَ عَلَيْهِ

تو پانی کی رو اس پر ابھرے ہوئے جھاگ اٹھا لائی اور جس پر آگ دہکاتے ہیں ف۳

فِي النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْيَةٍ أَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ

گہنا ۱ے یا اور اسباب ف۴ بنانے کو اس سے بھی ویسے ہی جھاگ اٹھتے ہیں

اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ؕ فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَآءً ۚ وَأَمَّا

اللہ بتاتا ہے کہ حق اور باطل کی یہی مثال ہے تو جھاگ تو پھک کر دور ہو جاتا ہے اور وہ جو

مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْأَرْضِ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ

لوگوں کے کام آئے زمین میں رہتا ہے ف۵ اللہ یوں ہی مثالیں بیان فرماتا

الْأَمْثَالَ ﴿١٧﴾ لِلَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى ؕ وَالَّذِينَ

ہے جن لوگوں نے اپنے رب کا حکم مانا انہیں کے لیے بھلائی ہے ف۶ اور جنہوں نے

لَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهٗ لَوْ أَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ

اس کا حکم نہ مانا ف۷ اگر زمین میں جو کچھ ہے وہ سب اور اس جیسا اور اُن کی ملک میں

لَافْتَدَوْا بِهٖ ؕ أُولٰٓئِكَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْحِسَابِ ۙ وَمَأْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَ

ہوتا تو اپنی جان چھڑانے کو دے دیتے یہی ہیں جن کا برا حساب ہوگا ف۸ اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور

بِئْسَ الْمِهَادُ ﴿١٨﴾ أَفَمَنْ يَّعْلَمُ أَنَّمَآ أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ

کیا ہی برا بچھونا تو کیا وہ جو جانتا ہے جو کچھ تمہاری طرف تمہارے رب کے پاس سے اترا حق ہے

كَمَنْ هُوَ أَعْمٰى ؕ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ ﴿١٩﴾ الَّذِينَ يُوفُونَ

ف۹ وہ اس جیسا ہوگا جو اندھا ہے ف۱۰ نصیحت وہی مانتے ہیں جنہیں عقل ہے وہ جو اللہ کا عہد پورا کرتے ہیں

بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُونَ الْمِيثَاقَ ﴿٢٠﴾ وَالَّذِينَ يَصِلُونَ مَآ أَمَرَ

ف۱۱ اور قول باندھ کر پھرتے نہیں اور وہ کہ جوڑتے ہیں اسے جس کے

اللّٰهُ بِهٖٓ أَنْ يُّوصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُونَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ﴿٢١﴾

جوڑنے کا اللہ نے حکم دیا ف۱۲ اور اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور حساب کی برائی سے اندیشہ رکھتے ہیں ف۱۳

ف۱ جو مخلوق ہونے کی صلاحیت رکھے اس سب کا خالق اللہ ہی ہے اور کوئی نہیں تو دوسرے کو شریک عبادت کرنا عاقل کس طرح گوارا کر سکتا ہے

ف۲ سب اس کے تحت قدرت و اختیار ہیں

ف۳ جیسے کہ سونا چاندی تانبہ وغیرہ

ف۴ برتن وغیرہ

ف۵ ایسے ہی باطل اگرچہ کتنا ہی ابھر جائے اور بعض اوقات و احوال میں جھاگ کی طرح حد سے اونچا ہو جائے مگر انجام کار مٹ جاتا ہے اور حق اصل شے اور جوہر صادق کی طرح باقی و ثابت رہتا ہے

ف۶ یعنی جنت

ف۷ اور کفر کیا

ف۸ کہ ہر امر پر مواخذہ کیا جائے گا اور اس میں سے کچھ نہ بخشا جائے گا (جلالین و خازن)

ف۹ اور اس پر ایمان لاتا ہے اور اس کے مطابق عمل کرتا ہے

ف۱۰ حق کو نہیں جانتا قرآن پر ایمان نہیں لاتا اس کے مطابق عمل نہیں کرتا یہ آیت حضرت حمزہ بن عبدالمطلب اور ابو جہل کے حق میں نازل ہوئی

ف۱۱ اس کی ربوبیت کی شہادت دیتے ہیں اور اس کا حکم مانتے ہیں

منزل ۳

ف۱۲ یعنی اللہ کی تمام کتابوں اور اس کے کل رسولوں پر ایمان لاتے ہیں اور بعض کو مان کر بعض سے منکر ہو کر ان میں تفریق نہیں کرتے یا یہ معنی ہیں کہ حقوق قرابت کی رعایت رکھتے ہیں اور رشتہ قطع نہیں کرتے اسی میں رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قرابتیں اور ایمانی قرابتیں بھی داخل ہیں سادات کرام کا احترام اور مسلمانوں کے ساتھ مودت و احسان اور ان کی مدد اور انکی طرف سے مدافعت اور ان کے ساتھ شفقت اور سلام و دعا اور مسلمان مریضوں کی عیادت اور اپنے دوستوں خادموں ہمسایوں سفر کے ساتھیوں کے حقوق کی رعایت بھی اس میں داخل ہے اور شریعت میں اس کا لحاظ رکھنے کی بہت تاکیدیں آئی ہیں بکثرت احادیث صحیحہ اس باب میں وارد ہیں

النصف ع ۲ ۱۱

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

ف۱۳ اور وقت حساب سے پہلے خود اپنے نفسوں سے محاسبہ کرتے ہیں۔

۱ے گہنا۔ زیور

وَالَّذِينَ صَبَرُوا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَأَنْفَقُوا

اور وہ جنھوں نے صبر کیا ف۱ اپنے رب کی رضا چاہنے کو اور نماز قائم رکھی اور ہمارے دیے سے

مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَعَلَانِيَةً وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ

ہماری راہ میں چھپے اور ظاہر کچھ خرچ کیا ف۲ اور برائی کے بدلے بھلائی کرکے ٹالتے ہیں ف۳

أُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿٢٢﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا وَمَنْ صَلَحَ

انھیں کے لیے پچھلے گھر کا نفع ہے بسنے کے باغ جنمیں وہ داخل ہونگے اور جو لائق ہوں ف۴

مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُونَ عَلَيْهِمْ

انکے باپ دادا اور بی بیوں اور اولاد میں ف۵ اور فرشتے ف۶ ہر دروازے سے ان پر یہ کہتے

مِنْ كُلِّ بَابٍ ﴿٢٣﴾ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴿٢٤﴾

آئیں گے سلامتی ہو تم پر تمہارے صبر کا بدلہ تو پچھلا گھر کیا ہی خوب ملا

وَالَّذِينَ يَنْقُضُونَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيثَاقِهِ وَيَقْطَعُونَ

اور وہ جو اللہ کا عہد اس کے پکے ہونے ف۷ کے بعد توڑتے اور جس کے

مَا أَمَرَ اللّٰهُ بِهِ أَنْ يُوصَلَ وَيُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ أُولٰٓئِكَ لَهُمُ

جوڑنے کو اللہ نے فرمایا اسے قطع کرتے اور زمین میں فساد پھیلاتے ہیں ف۸ انکا حصہ

اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوءُ الدَّارِ ﴿٢٥﴾ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ وَ

لعنت ہی ہے اور انکا نصیبہ برا گھر ف۹ اللہ جسکے لیے چاہے رزق کشادہ اور ف۱۰

يَقْدِرُ وَفَرِحُوا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ

تنگ کرتا ہے اور کافر دنیا کی زندگی پر اترا گئے ف۱۱ اور دنیا کی زندگی آخرت کے مقابل نہیں مگر کچھ

إِلَّا مَتَاعٌ ﴿٢٦﴾ وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْلَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِنْ

دن برت لینا اور کافر کہتے انپر کوئی نشانی انکے رب کی طرف سے کیوں نہ اتری

رَبِّهِ قُلْ إِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَشَاءُ وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَنْ أَنَابَ ﴿٢٧﴾

تم فرماؤ بیشک اللہ جسے چاہے گمراہ کرتا ہے ف۱۲ اور اپنی راہ اسے دیتا ہے جو اس کی طرف رجوع لائے

اَلَّذِينَ اٰمَنُوا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ أَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ

وہ جو ایمان لائے اور ان کے دل اللہ کی یاد سے چین پاتے ہیں سن لو اللہ کی یاد ہی میں

---

ف۱ طاعتوں اور مصیبتوں پر اور معصیت سے باز رہے
ف۲ نوافل کا چھپانا اور فرائض کا ظاہر کرنا افضل ہے
ف۳ بدکلامی کا جواب شیریں سخنی سے دیتے ہیں اور جو انھیں محروم کرتا ہے اس پر عطا کرتے ہیں جب ان پر ظلم کیا جاتا ہے معاف کرتے ہیں جب انسے پیوند قطع کیا جاتا ہے ملاتے ہیں اور جب گناہ کرتے ہیں توبہ کرتے ہیں جب ناجائز کام دیکھتے ہیں اسے بدلتے ہیں جہل کے بدلے حلم اور ایذا کے بدلے صبر کرتے ہیں
منزل ۳
ف۴ یعنی مومن ہوں
ف۵ اگرچہ لوگوں نے انکے سے عمل نہ کیے ہوں جب بھی اللہ تعالیٰ انکے اکرام کیلئے انکو انکے درجہ میں داخل فرمائے گا
ف۶ ہر ایک روز و شب میں ہدایا اور رضا کی بشارتیں لیکر جنت کے
ف۷ بطریق تحیت و تکریم ف۸ اور اسکو قبول کر لینے
ف۹ کفر و معاصی کا ارتکاب کرکے ف۱۰ یعنی جہنم ف۱۱ جسکے لیے چاہے ف۱۲ اور شکر گزار نہ ہوئے مسئلہ دولت دنیا پر اترانا اور مغرور ہونا حرام ہے ف۱۳ کہ وہ آیات و معجزات نازل ہو چکنے کے بعد بھی یہ کہتا رہتا ہے کہ کوئی نشانی کیوں نہیں اتری گویا کوئی معجزہ کیوں نہیں آیا معجزات کثیرہ کے باوجود گمراہ رہتا ہے۔

ع ۹

فِي الْأَرْضِ أَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ ۗ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا

ساری زمین میں نہیں ف۱ یا یوں ہی اوپری بات ف۲ بلکہ کافروں کی نگاہ میں اُنکا فریب اچھا

مَكْرُهُمْ وَصُدُّوا عَنِ السَّبِيلِ ۗ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ

ٹھہرا ہے اور راہ سے روکے گئے ف۳ اور جسے اللہ گمراہ کرے اُسے کوئی

مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾ لَّهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ

ہدایت کرنیوالا نہیں اُنھیں دنیا کے جیتے عذاب ہوگا ف۴ اور بیشک آخرت کا عذاب سب سے

أَشَقُّ ۖ وَمَا لَهُم مِّنَ اللَّهِ مِن وَاقٍ ﴿۳۴﴾ مَّثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِي

سخت ہے اور اُنھیں اللہ سے بچانیوالا کوئی نہیں احوال اس جنت کا کہ ڈروالوں کیلئے

وُعِدَ الْمُتَّقُونَ ۖ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ أُكُلُهَا دَائِمٌ وَ

جسکا وعدہ ہے اس کے نیچے نہریں بہتی ہیں اُس کے میوے ہمیشہ اور

ظِلُّهَا ۚ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِينَ اتَّقَوا ۖ وَّعُقْبَى الْكَافِرِينَ النَّارُ ﴿۳۵﴾

اسکا سایہ ف۵ ڈروالوں کا تو یہ انجام ہے ف۶ اور کافروں کا انجام آگ

وَالَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَفْرَحُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ ۖ وَمِنَ

اور جن کو ہم نے کتاب دی ف۷ وہ اس پر خوش ہوتے جو تمھاری طرف اُترا اور ان

الْأَحْزَابِ مَن يُنكِرُ بَعْضَهُ ۚ قُلْ إِنَّمَا أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللَّهَ

گروہوں میں ف۸ کچھ وہ ہیں کہ اُسکے بعض سے منکر ہیں تم فرماؤ مجھے تو یہی حکم ہے کہ اللہ کی بندگی کروں

وَلَا أُشْرِكَ بِهِ ۚ إِلَيْهِ أَدْعُو وَإِلَيْهِ مَآبِ ﴿۳۶﴾ وَكَذَٰلِكَ أَنزَلْنَاهُ

اور اسکا شریک نہ ٹھہراؤں میں اسی کی طرف بلاتا ہوں اور اسی کی طرف مجھے پھرنا ف۹ اور اسی طرح ہم نے اسے عربی فیصلہ

حُكْمًا عَرَبِيًّا ۚ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُم بَعْدَمَا جَاءَكَ مِنَ

اُتارا ف۱۰ اور اے سننے والے اگر تو اُنکی خواہشوں پر چلے گا ف۱۱ بعد اس کے کہ تجھے علم آچکا

الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا وَاقٍ ﴿۳۷﴾ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا

تو اللہ کے آگے نہ تیرا کوئی حمایتی ہوگا نہ بچانے والا اور بیشک ہم نے تم سے پہلے

رُسُلًا مِّن قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ أَزْوَاجًا وَذُرِّيَّةً ۚ وَمَا كَانَ

رسول بھیجے اور اُنکے لیے بیبیاں ف۱۲ اور بچے کیے اور کسی

---

ف۱ اور جو اس کے علم میں نہ ہو وہ باطل محض ہے ہو ہی نہیں سکتا کیونکہ اس کا علم ہر چیز کو محیط ہے لہٰذا اُس کے لیے شریک ہونا باطل و غلط

ف۲ کے درپے ہوتے ہو جس کی کچھ اصل و حقیقت نہیں

ف۳ یعنی رشد و ہدایت اور دین کی راہ سے

ف۴ قتل و قید کا

ف۵ یعنی اس کے میوے اور اس کا سایہ دائمی ہے انمیں کوئی منقطع اور زائل ہونے والا نہیں جنت کا حال عجیب ہے اس میں نہ سورج ہے نہ چاند نہ تاریکی باوجود اس کے غیر منقطع دائمی سایہ ہے

ف۶ یعنی تقویٰ والوں کے لیے جنت ہے

ف۷ یعنی وہ یہود و نصاریٰ جو اسلام سے مشرف ہوئے جیسے کہ عبداللہ بن سلام وغیرہ اور حبشہ و نجران کے نصرانی۔

ف۸ یہود و نصاریٰ و مشرکین کے جو آپ کی عداوت میں سرشار ہیں اور آپ پر اُنھوں نے چڑھائیاں کی ہیں

ف۹ اس میں کیا بات قابل انکار ہے کیوں نہیں مانتے

ف۱۰ یعنی جس طرح پہلے انبیاء کو ان کی زبانوں میں احکام دیئے تھے اسی طرح ہم نے یہ قرآن اے سید انبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ کی زبان عربی میں نازل فرمایا قرآن کریم کو حکم اس لیے فرمایا کہ اس میں اللہ کی عبادت اور اس کی توحید اور اس کے دین کی طرف دعوت اور تمام تکالیف و احکام اور حلال و حرام

منزل ۳

کا بیان ہے بعض علماء نے فرمایا چونکہ اللہ تعالیٰ نے تمام خلق پر قرآن شریف کے قبول کرنے اور اس کے مطابق عمل کرنے کا حکم فرمایا اس لیے اس کا نام حکم رکھا

ف۱۱ یعنی کافروں کی جو اپنے دین کی طرف بلاتے ہیں

ف۱۲ شانِ نزول کافروں نے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر یہ عیب لگایا تھا کہ وہ نکاح کرتے ہیں اگر نبی ہوتے تو دنیا ترک کردیتے بی بی بچے سے کچھ واسطہ نہ رکھتے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور اُنھیں بتایا گیا کہ بی بی بچے ہونا نبوت کے منافی نہیں لہٰذا یہ اعتراض محض بے جا ہے اور پہلے جو رسول آچکے ہیں وہ بھی نکاح کرتے تھے اُن کے بھی بیبیاں اور بچے تھے۔

ع ۵ ۱۱

لِرَسُوْلٍ اَنْ یَّاْتِیَ بِاٰیَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ (۳۸)

رسول کا کام نہیں کہ کوئی نشانی لے آئے مگر اللہ کے حکم سے ہر وعدہ کی ایک لکھت ہے ف۱

یَمْحُوا اللّٰهُ مَا یَشَآءُ وَ یُثْبِتُ ۖۚ وَ عِنْدَهٗۤ اُمُّ الْكِتٰبِ (۳۹) وَ اِنْ مَّا

اللہ جو چاہے مٹاتا اور ثابت کرتا ہے ف۲ اور اصل لکھا ہوا اُسی کے پاس ہے ف۳ اور اگر ہمیں تمھیں

نُرِیَنَّكَ بَعْضَ الَّذِیْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّیَنَّكَ فَاِنَّمَا

دکھا دیں کوئی وعدہ ف۴ جو اُنھیں دیا جاتا ہے یا پہلے ہی ف۵ اپنے پاس بلائیں تو بہر حال

عَلَیْكَ الْبَلٰغُ وَ عَلَیْنَا الْحِسَابُ (۴۰) اَوَ لَمْ یَرَوْا اَنَّا نَاْتِی الْاَرْضَ

تم پر تو صرف پہنچانا ہے اور حساب لینا ف۶ ہمارا ذمہ ف۷ کیا اُنھیں نہیں سوجھتا کہ ہم ہر طرف سے اُس کی

نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ وَ اللّٰهُ یَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ؕ وَ هُوَ

آبادی گھٹاتے آ رہے ہیں ف۸ اور اللہ حکم فرماتا ہے اُس کا حکم پیچھے ڈالنے والا کوئی نہیں ف۹

سَرِیْعُ الْحِسَابِ (۴۱) وَ قَدْ مَكَرَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ

اور اسے حساب لیتے دیر نہیں لگتی اور اُن سے اگلے ف۱۰ فریب کر چکے ہیں تو ساری خفیہ تدبیر کا مالک

جَمِیْعًا ؕ یَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ ؕ وَ سَیَعْلَمُ الْكُفّٰرُ لِمَنْ

تو اللہ ہی ہے ف۱۱ جانتا ہے جو کچھ کوئی جان کمائے ف۱۲ اور اب جانا چاہتے ہیں کافر کسے ملتا ہے

عُقْبَى الدَّارِ (۴۲) وَ یَقُوْلُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا ؕ قُلْ كَفٰى

پچھلا گھر ف۱۳ اور کافر کہتے ہیں تم رسول نہیں تم فرماؤ

بِاللّٰهِ شَهِیْدًۢا بَیْنِیْ وَ بَیْنَكُمْ ۙ وَ مَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ (۴۳)

اللہ گواہ کافی ہے مجھ میں اور تم میں ف۱۴ اور وہ جسے کتاب کا علم ہے ف۱۵

ف۱ اس سے مقدم و مؤخر نہیں ہو سکتا خواہ وہ وعدہ عذاب کا ہو یا کوئی اور ف۲ سعید بن جبیر اور قتادہ نے اس آیت کی تفسیر میں کہا کہ اللہ جن احکام کو چاہتا ہے منسوخ فرماتا ہے جنھیں چاہتا ہے باقی رکھتا ہے ان ہی ابن جُبیر کا ایک قول یہ ہے کہ بندوں کے گناہوں میں سے اللہ جو چاہتا ہے مغفرت فرما کر مٹا دیتا ہے اور جو چاہتا ہے ثابت رکھتا ہے عِکرِمہ کا قول ہے کہ اللہ تعالیٰ توبہ سے جس گناہ کو چاہتا ہے مٹاتا ہے اور اس کی جگہ نیکیاں قائم فرماتا ہے اور اس کی تفسیر میں اور بھی بہت اقوال ف۳ جسکو اس نے ازل میں لکھا یہ علم الٰہی ہے یا ام الکتاب سے لوح محفوظ مراد ہے جس میں تمام کائنات اور عالم میں ہونیوالے جملہ حوادث و واقعات اور تمام اشیاء مکتوب ہیں اور اس میں تغیر و تبدل نہیں ہوتا ف۴ عذاب کا ف۵ ہم تمھیں ف۶ اور اعمال کی جزا دینا ف۷ تو آپ کافروں کے اعراض کرنے سے رنجیدہ نہ ہوں اور عذاب کی جلدی نہ کریں ف۸ اور زمین شرک کی وسعت و مبدم کم کر رہے ہیں اور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیلیے کفار کے گرد و پیش کی اراضی یکے بعد دیگرے فتح ہوتی چلی جاتی ہے اور یہ صریح دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کی مدد فرماتا ہے اور ان کے لشکر کو فتح مند کرتا ہے اور اُنکے دین کو غلبہ دیتا ہے ف۹ اسکا حکم نافذ ہے کسی کی مجال نہیں کہ اس میں چوں و چرا یا تغیر و تبدیل کر سکے جب وہ اسلام کو غلبہ دینا چاہے اور کفر کو پست کرنا تو کس کی تاب و مجال کہ اسکے حکم میں دخل دے سکے ف۱۰ یعنی گزری ہوئی اُمتوں کے کفار اپنے انبیاء کے ساتھ ف۱۱ پھر بغیر اُسکی مشیت کے کسی کی کیا چل سکتی ہے اور جب حقیقت یہ ہے تو مخلوق کا کیا اندیشہ ف۱۲ ہر ایک کا کسب اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے اور اس کے نزدیک ان کی جزا مقرر ہے ف۱۳ یعنی کافر عنقریب جان لیں گے کہ راحت آخرت مومنین کے لیے ہے اور وہاں کی ذلت و خواری کفار کیلیے ہے ف۱۴ جس نے میرے ہاتھوں پر معجزات باہرہ و آیات قاہرہ ظاہر فرما کر میرے نبی مرسل ہونے کی شہادت دی ف۱۵ خواہ وہ علمائے یہود میں سے توریت کا جاننے والا ہو یا نصاریٰ میں سے انجیل کا عالم وہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت کو اپنی کتابوں میں دیکھکر جانتا ہے ان علماء میں سے اکثر آپکی رسالت کی شہادت دیتے ہیں

منزل ۳

ع ۶ ۱۲

حضرت جابر بن زید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے روایت ہے انتقال کرنے والے کے پاس نزع کے عالم میں سورۂ رعد پڑھنا مستحب سمجھا جاتا تھا اس سے مرنے والے کی سختیاں کم ہوتی ہیں اور اس کی روح نرمی اور آسانی سے قبض کی جاتی ہے۔ (در منثور ص:۶۴۲، ج:۴، ابن ابی شیبہ ومروزی)

ماخوذ: فضائل قرآن، مطبوعہ المجمع الاسلامی، مبارک پور